رہبر معظم نےفوجی ، انقلابی اور عام عدالتوں سے سزایافتہ افرادکی سزاؤں میں تخفیف اور بخشش کی درخواست سے موافقت کی ہے - 28 /May/ 2008

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے خرم شہر کی آزادی کی سالگرہ کی مناسبت سے فوجی ، انقلابی اور عام عدالتوں سے 3510 سزا یافتہ افراد کی سزاؤں میں تخفیف اور بخشش کی درخواست سےموافقت کی ہےعدلیہ کے سربراہ آیت اللہ ہاشمی شاہرودی نے ایک خط میں3510 افراد کی سزاؤں میں کمی یا معاف کرنے کی درخواست میں کہا تھا کہ ان کی فائل پرعفو و بخشش کمیشن میں غور و خوض کیا گیا جس کے بعد انہیں اسلامی رافت کا مستحق قراردیا گیا ہے رہبر معظم انقلاب اسلامی نے عدلیہ کے سربراہ کی اس درخواست سے موافقت فرمائی ہے۔